## دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

### انصاری ہیلتھ سینٹر، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے 'سوتھ ناری، سشکت پریوار ابھیان' کے حصے کے طور پر متعدد بیداری کیمپ، خطبات اور مشاورت منعقد کیے

New Delhi, September 30, 2025

ڈاکٹر ایم اے انصاری ہیلتھ سینٹر، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مورخہ انتیس ستمبر دو ہزار پچیس کو 'سوتھ ناری، سشکت پریوار ابھیان' کی قومی صحت مہم جس کا افتتاح عزت مآب وزیر اعظم نے کیا تھا کے زیر اہتمام جاری پہل کے حصے کے طور پر متعدد سرگرمیاں منعقد کرائیں۔ان کا مقصد خواتین اور بچوں کی صحت اور تغذیہ کو بہتر کرنا ہے۔یہ وسیع اور جامع پہل وسیع تر صحت کیمپوں کے انعقاد جن کا مقصد انسداد اور علاج دونوں ہی ہے سرطان اور خون کی قلت جیسی بیماریوں کی پہلے مرحلے میں شناخت پر زور دینا ہے۔علاوہ ازیں ٹیکہ کاری اور تغذیہ سے متعلق کونسلنگ کی خدمات فراہم کرکے یہ ماؤں، بچوں اور نوجوانوں کی صحت کو بہتر کرتا ہے۔

ڈاکٹر ایم۔اے انصاری ہیلتھ سینٹر میں تیس ستمبر دو ہزار پچیس کو 'خون عطیہ کیمپ' لگایا گیا۔اس کے علاوہ 'خواتین میں سرطان کی روک تھام' کے موضوع پر ایک عوامی بیداری لیکچر کا بھی اہتمام کیا گیا۔واضح ہو کہ یہ لیکچر اسی دن سہ پہر تین بجے اپولو اسپتال اور ڈاکٹر ایم۔اے انصاری ہیلتھ سینٹر کی گائینوکولوجسٹ ڈاکٹر چارو لتا نے دیا تھا۔ماہواری صحت سے متعلق بیداری پر مبنی کونسلنگ سیشن بھی ہوا جس میں آئی سی ٹی سی دہلی اسٹیٹ ایڈس کنٹرول سوسائٹی (این اے سی او) نے تیس ستمبر دو ہزار پچیس کو ساڑھے تین بجے طالبات کے لیے بیداری خطبہ اور پرزینٹیشن پیش کیا۔طالبات میں ایڈس اور ایس ٹی ڈی ایس کی روک تھام سے متعلق بیداری عام کرنے کے لیے این اے سی او کی کونسلر نے 'بیداری لیکچر' اور پرزینٹیشن بھی دیا۔انصاری ہیلتھ سینٹر کے پیرا میڈیکل عہدیداران نے پروگرام میں شامل خواتین میں ذیابیطس اور ہائپر ٹینشن کی جانچ کی۔

اس سے قبل انتیس ستمبر دو ہزار پچیس کو سینیٹری پیڈ ونڈنگ مشین کے مفت استعمال سے متعلق ایک ڈیموسٹریشن بھی دیا گیا۔طالبات کے لیے آنکھ کی جانچ کے کیمپ بھی لگائے گئے جس میں ڈاکٹر ندھی شرما، آنکھوں کی سرجن نے بچیوں کی آنکھوں کی جانچ کی۔

طالبات اور اسٹاف کے لیے انتیس ستمبر دو ہزار پچیس کو ہومیو پیتھک مشاورت کیمپ، یونانی مشاورت کیمپ، ای این ٹی مشاورت کیمپ، گائینی مشاورت، خون کی کمی کی جانچ، اور خون کے گروپ کی جانچ وغیرہ بھی منعقد کی گئی۔

خون کی کمی کی جانچ اور خون کے گروپ کی جانچ خاص طور سے طالبات اور ملازمین کے لیے تیس ستمبر دو ہزار پچیس کو صبح دس بجے سے ہوئی۔ جنہیں ضرورت تھی انہیں آئرن ٹیبلیٹس بھی دی گئیں۔

انتیس اور تیس ستمبر دو ہزار پچیس کو طالبات اور اسٹاف ممبران کو ہیپی ٹائٹس بی اور ٹیٹنس کا ٹیکہ بھی لگایا گیا۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ